# معايير ولاية فيكتوريا لسلامة الطفل


ملخص بلغة بسيطة

## 1




آپ کی تنظیم ایبوریجنل بچوں کو خوش آمدید کہتی ہے۔ آپ ان کو اپنی ثقافت کے اظہار اور اپنے حقوق سے لطف اندوز ہونے میں ان کی حمایت کرتے ہیں۔ آپ نسل پرستی کی اجازت نہیں دیتے۔

## 2



آپ کی تنظیم میں ہر سطح پر ہر ایک کے لیے بچوں کی حفاظت اہم معاملہ ہے۔ آپ کے پاس تحریری مواد موجود ہے کہ آپ بچوں کے ساتھ بدسلوکی یا انہیں درپیش نقصان کے خطرات کو کیسے تلاش کرتے ہیں، ان سے کیسے بچتے ہیں اور انہیں کیسے روکتے ہیں۔

## 3




آپ کی تنظیم بچوں کو بدسلوکی سے محفوظ رہنے، باخبر رہنے اور اس میں ملوث ہونے سے بچاؤ کے حقوق جاننے میں مدد کرتی ہے۔ آپ انہیں کھل کر بات کرنے اور ان پر اثر انداز ہونے والے فیصلوں میں حصہ لینے میں ان کی مدد کرتے ہیں۔

## 4



آپ کی تنظیم گھرانوں اور کمیونٹی کو بتاتی ہے کہ آپ کیا کرتے ہیں، اور آپ بچوں کو نقصان اور بدسلوکی سے کیسے محفوظ رکھتے ہیں۔ آپ گھرانوں کو بات کرنے اور ان فیصلوں میں حصہ لینے میں مدد دیتے ہیں جو ان کے بچے کو متاثر کرتے ہیں۔

## 5



آپ کی تنظیم جانتی ہے کہ ہر بچہ مختلف ہوتا ہے اور اس کی ضروریات مختلف ہوتی ہیں۔ آپ اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ وہ معلومات حاصل کر سکیں اور آپ ان کی حسب ضرورت مدد کرتے ہیں۔

## 6



عملہ جانتا ہے کہ بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے انہیں کیا کرنا ہے۔ وہ بچوں کی حفاظت کے بارے میں معلومات کو اس وقت ریکارڈ، رپورٹ اور شیئر کرتے ہیں جب انہیں ایسا کرنا چاہیے۔ بچوں کے ساتھ کام کرنے والے عملے کے پس منظر کی مطلوبہ جانچ پڑتال ہوئی ہے۔

## 7



بچے اور ان کے گھرانے جانتے ہیں کہ شکایت کیسے کی جائے اور جب شکایت کی جاتی ہے تو کیا ہوتا ہے۔ آپ کا عملہ جانتا ہے کہ شکایات کا صحیح طریقے سے عملدرآمد کیسے کرنا ہے۔

## 8




آپ کی تنظیم بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے عملے کی تربیت اور معاونت کرتی ہے۔ آپ کا عملہ بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور نقصان کی علامات کو جانتا ہے اور اسے معلوم ہے کہ اگر بدسلوکی اور نقصان کے مسائل ہوں تو کیا کرنا ہے۔

## 9



آپ کی تنظیم اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ جب بچے آپ کی خدمات، ترتیبات اور سرگرمیاں استعمال کرتے ہیں تو وہ محفوظ ہیں۔ اس میں وہ وقت بھی شامل ہے جب بچے آن لائن ہوتے ہیں۔

## 10



آپ کی تنظیم ان طریقوں کی جانچ کرتی ہے اور انہیں بہتر بناتی ہے جن کے ذریعے آپ بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے محفوظ رکھتے ہیں۔

## 11




آپ کی تنظیم کے پاس اس بارے میں تحریری پالیسیاں ہیں کہ آپ بچوں کو بدسلوکی اور نقصان سے کیسے محفوظ رکھتے ہیں۔ وہ سمجھنے میں آسان ہیں، اور تمام عملہ ان کی پیروی کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے Commission for Children and Young People سے رابطہ کریں

COMMISSION FOR CHILDREN AND YOUNG PEOPLE

**www.ccyp.vic.gov.au**